ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 1 میں آرٹ ایکٹیویٹی (art activity) کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق "8"x8 کے سادہ کاغذ اور پیلے رنگ کی پنسل یا crayon کا انتظام کریں۔

سیشن 1

- **15 منٹ** کتاب **چمکیلا پیلا** دینے سے پہلے بچوں سے پیلے رنگ کی چیزوں کے نام پوچھیں۔ مثلاً:
  سورج لیمو کیلا آم انڈے کی زردی سورج مکھی کا پھول چوزہ

- **10 منٹ** بچوں کو کتاب **چمکیلا پیلا** دیں اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں:
  - پیلا رنگ کہاں سے آیا؟
  - پانی کس رنگ کا ہوتا ہے؟ کہانی میں پانی کیسے پیلے رنگ کا ہوا؟
  - چوزے کس رنگ کے ہوتے ہیں؟
  - آپ کے خیال میں ابی اور دادا کہاں رہتے ہیں؟ (شہر یا گاؤں میں)
  - زیادہ سے زیادہ بچوں کو موقع دیں کہ وہ جواب دیں۔
  - 6 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

- **20 منٹ** بچوں کو سادہ کاغذ اور پیلی پنسل / crayon دیں۔
  - بچے کسی بھی 3 - 2 ایسی چیزوں کی تصویریں بنائیں جن کے رنگ پیلے ہوتے ہیں۔

سیشن 2

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کہانی کے آخر میں آسمان رنگ برنگا کیسے ہوا۔

15 منٹ • بچوں سے روشنی کے بارے میں گفتگو کریں کہ روشنی میں 7 رنگ ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ رنگ rainbow میں نظر آتے ہیں۔ بچوں سے rainbow کے رنگ پوچھ کر ان کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر ان کے انگریزی میں نام لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

English	اردو
violet	کاسنی
indigo	نیلا
blue	آسمانی
green	ہرا
yellow	پیلا
orange	نارنجی
red	لال

20 منٹ • بچوں سے کہانی کے مرکزی خیال کے بارے میں گفتگو کریں۔ بچوں سے کہیں کہ کہانی کا خلاصہ پیرا گراف میں لکھیں۔ اس کام میں بچوں کی مدد کریں۔

سیشن 3

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

30 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ حرف ح کی مختلف اشکال بورڈ پر لکھیں اور چند الفاظ ان کی مختلف اشکال سے لکھیں۔

- بچے کہانی میں سے کم از کم 3 ایسے الفاظ جن میں حرف ح استعمال ہوا ہے چن کر اپنی کوپی میں لکھیں۔
- بورڈ پر نیچے دیا گیا خاکہ بنائیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں اور کام مکمل کریں۔



ہوم ورک

5 منٹ • کلاس میں کیئے گئے الفاظ میں سے 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

سیشن 4

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

35 منٹ • کہانی میں کئی ایسے الفاظ ہیں جن کی تکرار ہے۔ جیسے پٹر پٹر۔

- بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ کسی بھی فعل پر زور دینے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ان الفاظ کی کہانی میں نشاندہی کریں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کہ کچھ اور الفاظ کا اضافہ کریں۔ بچے تمام الفاظ کو پی میں اتاریں۔ ان الفاظ سے 5 - 4 لائنوں کا پیراگراف لکھیں۔

پٹر پٹر   پیچھے پیچھے   چھپ چھپ   پیلا پیلا   ٹکر ٹکر

مثلاً: احمد بارش میں چھپ چھپ کرتا میرے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ رک گیا اور مجھے ٹکر ٹکر دیکھنے لگا۔

سیشن 5

40 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ الفاظ اور ضد پر کام کروائیں۔

- بورڈ پر الفاظ لکھ کر بچوں کو پڑھائیں اور ان کی ضد پوچھ کر لکھتی جائیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

الفاظ	ضد	الفاظ	ضد
صبح	شام	خوشی	غم
کھلی	بند	گرمی	سردی
ہلکا	بھاری	دن	رات
شروع	ختم	آسمان	زمین

ہوم ورک

5 منٹ • اپنے گھر میں موجود 5 پیلے رنگ کی چیزوں کے نام لکھ کر لائیں اور جملے بنائیں۔

سیشن 6

45 منٹ • فعل ماضی کو فعل حال میں تبدیل کریں۔

- بچوں کو بات چیت کے ذریعے فعل ماضی اور حال سمجھائیں۔ مثلاً:

1) دادا برآمدے میں گملوں کو پانی دے رہے تھے۔
دادا برآمدے میں گملوں کو پانی دے رہے ہیں۔

2) کچھ دور آم کا باغ تھا۔
کچھ دور آم کا باغ ہے۔

3) وہ کچھ اداس تھا۔
وہ کچھ اداس ہے۔

4) گرمی میں پھولوں کا رنگ ہلکا ہو گیا تھا۔
گرمی میں پھولوں کا رنگ ہلکا ہو گیا ہے۔

- کہانی میں سے 3 جملے جو فعل ماضی میں ہیں ان کو فعل حال میں تبدیل کر کے کوپی میں لکھیں۔

چمکیلا پیلا
ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk